میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

ہفتہ، 15رمضان،1443ھ　　16/04/2022　　نمبر:1443/55

پریس ریلیز

نوید بٹ کی رہائی کا مطالبہ، جسے 11 مئی 2012 سے محض اس لئے اغوا کر کے قید میں رکھا گیا ہے کیونکہ وہ پاکستان کو امریکی استعمار سے آزادی کا مطالبہ کر رہے تھے

اس سال 11 مئی 2022 کو نوید بٹ کو اغوا ہوئے ٹھیک دس سال مکمل ہو جائیں گے۔انھیں 11 مئی 2012 کو سیکیورٹی اہلکاروں نے ان کے پڑوسیوں اور بچوں کے سامنے اغوا کیا گیا تھا۔ نوید بٹ کے چار بچوں کو دس سال سے اپنے والد کی پدرانہ شفقت سے محروم رکھا گیا ہے۔ نوید بٹ پاکستان میں حزب التحریر کے ترجمان ہی۔ اورایک دہائی سے زائد عرصے تک نوید نے بڑی دلیری کے ساتھ پاکستان کی امریکی استعمار سے آزادی کے لیے آواز بلند کی،اور یہ واضح کیاکہ اس کو منزل کو پانے کا واحد عملی طریقہ نبوت کے نقش قدم پر خلافت کا دوبارہ قیام ہے۔ پاکستان کے حکمرانوں نے نوید بٹ کو اغوا کر کے قید میں رکھا ہوا ہے جبکہ بھارتی جاسوس کلبھوشن یادیو کو انسانی ہمدردی کے نام پر ہر طرح کی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔کیااب بھی نوید کو رہا کرنے کا وقت نہیں آیا جبکہ پاکستان کے کمیشن برائے جبری گمشدگی نےاُن کو پیش کرنے کا"پروڈکشن آرڈر" 4 جنوری2018 حکم نامہ، حوالہ نمبر ColoED ID No. 860-P،جاری کردیاہوا ہے؟

اے پاکستان کے مسلمانو،ان کے صحافیوں، قانونی برادری،انسانی حقوق کی تنظیموں اور سفارتی مشنز!

نوید بٹ کو رہا کرو، جنہوں نے مسلم دنیا کو ایک طاقتور ریاستِ خلافت کی شکل میں یکجا کرنے پر زور دیا۔ 14 دسمبر 2003 کو نوید بٹ نے کہا تھا، "حکمران خلافت قائم کرتے ہوئے وسط ایشیا کی ریاستوں کو اپنے اندر ضم کرنے کے بجائے ڈیورنڈ لائن پر دیواریں کھینچنے میں مصروف ہیں اور دوسری جانب بھارت کے ساتھ سرحدیں مٹانے کی باتیں کر رہے ہیں،وہ ملک جو اپنے مسلمان شہریوں کے خون سے ہولی کھیل رہا ہے۔"

نوید بٹ کو رہا کرو، جنہوں نے اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی وحی کی بنیاد پر حکمرانی کے قیام کا مطالبہ کیا۔21فروری 2008 کو نوید بٹ نے کہا،"ضرورت اس امر کی ہے کہ اس 'جمہوری تماشے' کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے خیر باد کہتے ہوئے خلافت کا انعقاد کیا جائے جہاں استعمار کو اپنے مفادات کے لئے قانون سازی کرنے کے لئے کوئی چور دروازہ میسر نہ ہوگا اور اللہ کے قوانین غیر مشروط طور پر ملکی قوانین ہوں گے۔"

نوید بٹ کو رہا کرو، جنہوں نے مقبوضہ مسلم علاقوں کی آزادی کے لیے امت کی افواج کو حرکت میں لانے کا مطالبہ کیا۔17 فروری 2005 کو نوید بٹ نے کہا، " کشمیر صرف ایک طاقتور اور پیشہ وارانہ فوج کے ذریعے جہاد کر کے ہی ہندو تسلط سے آزاد کروایا جاسکتا ہے۔"

نوید بٹ کو رہا کرو، جنہوں نے پوری دنیا میں اسلام کی پکار کو پھیلانے کے لیے دعوت وجہاد کا مطالبہ کیا۔9اکتوبر 2009 کو نوید بٹ نے کہا کہ، "وسط ایشیاء سے لے کر بحیرۂ ہند تک آج آپ ہی مسلمانوں کی سب سے بڑی عسکری طاقت ہیں اور آپ ہی کو اس خطے کے تمام مسلمانوں کی دیکھ بھال کرنی ہے۔اٹھو!اور حزب التحریر کو نصرت فراہم کرتے ہوئے خلافت کا انعقاد کرواور تاریخ میں انصارِ ثانی ہونے کا عظیم اعزاز اپنے نام کرلو۔بے شک یہ دنیا اور آخرت کی بڑی کامیابی ہوگی۔"

آپ کے پاس جو بھی فورمز دستیاب ہیں اُن کو استعمال کرتے ہوئے نوید بٹ کی رہائی کا مطالبہ کریں۔اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا،**«مَنْ نَفَّسَ عَنْ مُؤْمِنٍ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ اَلدُّنْيَا، نَفَّسَ اَللَّهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ يَوْمِ اَلْقِيَامَةِ» "جس شخص نے کسی مسلمان کی دنیاوی تکلیفوں میں سے کوئی تکلیف دور کی،اللہ تعالیٰ اس کی قیامت کی تکلیفوں میں سے کوئی تکلیف دور کرے گا۔"**(مسلم)

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

ویب: www.hizb-pakistan.com　انسٹا گرام: https://instagram.com/HTmediaPAK01　ای میل: HTmediaPAK@gmail.com
فیس بک: https://Facebook.com/HTmediaPAK04　ٹویٹر: http://Twitter.com/HTmediaPAK
پوڈکاسٹ: https://anchor.fm/HTmediaPAK　واٹس ایپ نمبر: +967 713 645 449
حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrira.org
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.info